نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کی چار پیسٹی سائیڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول لیبارٹریز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور عملہ کی فنی استعداد کار بڑھانے کے لیے لاہور منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے بہاولپور، ملتان، کالا شاہ کاکو اور فیصل آباد کی لیبارٹریز لاہور منتقل کرنے سے کوئی ملازم بیروزگار نہیں ہوگا

لاہور:6 فروری 2017( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کی چار پیسٹی سائیڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول لیبارٹریز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور عملہ کی فنی استعداد کار بڑھانے کے لیے لاہور منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بہاولپور، ملتان، کالا شاہ کاکو اور فیصل آباد کی پیسٹی سائیڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول لیبارٹریز لاہور منتقل کرنے سے کوئی ملازم بیروزگار نہیں ہوگا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ مذکورہ لیبارٹریز کو لاہور منتقل کرنے سے نہ صرف ان کی کارکردگی بہتر ہو گی ۔ ان لیبارٹریز سے وابستہ ملازمین کی کسی بھی آسامی کو ختم نہیں کیا جارہا ہے اور یہ خیال رکھا جارہا ہے کہ ان ملازمین کا تبادلہ ان کی رہائش گاہ کے قریب کیا جائے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ لیبارٹریز کو لاہور منتقل کرنے کا فیصلہ کسان کی وسیع تر مفاد میں کیا گیا ہے اور اس فیصلے سے معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی چیکنگ کا نظام مرکزی دھارے سے وابستہ ہو جائے گا جس سے معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی بہتر ٹیسٹنگ عمل میں لائی جا سکے گی۔

☆☆☆